آیت اللہ شیخ محسن نجفی



آیت اللہ شیخ محسن علی نجفی ایک ممتاز اور بزرگ عالم دین، مفسر قرآن، ہمدرد قوم اور انسانیت کےایک بے لوث خدمت گزار ہیں۔

اپنے فلاحی و رفاھی خدمات کی وجہ سے آپ کو محسن ملت بھی کہا جاتا ہے۔

مختلف موضوعات پر آپ کی درجنوں تالیفات، تصانیف اور مختلف تراجم موجود ہیں جو آپ کے وسیع و عمیق علم کے غماز ہیں۔

تفسیر "الکوثر فی تفسیر القرآن "آپ کا شاہکار ہے۔

آپ نے کلام اللہ کا ترجمہ بھی کیاہے جو بلاغ القرآن کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔

آپ الکوثر اسلامی یونیورسٹی - اسلام آباد کے چانسلر اور بانی ہیں۔

پاکستان میں پچیس شیعہ مدارس کے بانی اور سربراہ بھی ہیں۔

جابر بن حیان ٹرسٹ ، اسلام آباد کے چیئرپرسن بھی ہیں۔

حسینی فاؤنڈیشن اسلام آباد کے منیجنگ ٹرسٹی بھی ہیں۔

اسوہ ایجوکیشن سسٹم، پاکستان کے سربراہ بھی ہیں۔

ہادی ٹی وی نیٹ ورک ،اسلام آباد۔ پاکستان کے فاؤنڈر اور ڈائرکٹر بھی ہیں۔